21634 ـ کلاس میں موسیقی لگانے کے وقت طالب علم کا عمل

سوال

میں جس کلاس میں پڑھتا ہوں اس میں استاد بعض تصاویر اور فلم دکھاتا ہے جس میں موسیقی ہوتی ہے، اور مضمون میں کامیاب ہونے کے لیے ہمیں یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ہم موسیقی کی اقسام و انواع جانیں تو اس کلاس میں رہنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب کلاس روم میں کسی آلہ کے ذریعہ موسیقی چلائی جائے، یا گانا سنا وغیرہ سنا جائے، یا کوئی شخص گائے اور بجائے تو آپ کے لیے اس وقت کلاس روم میں رہنا جائز نہیں، چاہے آپ کے وہاں نہ رہنے کے نتیجہ میں آپ کے علم میں موسیقی کی انواع و اقسام نہ بھی آئیں، کیونکہ جب کسی مجلس میں کوئی برائی کی جا رہی ہو تو مسلمان شخص کے لیے واجب ہے کہ وہ فاعل کو ایسا کرنے سے منع کرے، اور اگر وہ اس کی بات نہیں مانتا تو اسے وہاں سے چلے جانا چاہیے.

جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

اور کتاب میں آپ پر یہ حکم نازل کیا جا چکا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ تعالی کی آیات کے ساتھ کفر کیا جار ہا ہے، اور ان سے مذاق کیا جا رہا ہے تو پھر تم ان کے ساتھ اس وقت تک مت بیٹھو جب تک وہ کسی اور بات چیت میں مشغول نہی ہو جاتے، (اگر تم بیٹھو گے) تو تم اس وقت انہی جیسو ہو گے، یقینا اللہ تعالی سب منافقوں اور کافروں کو جہنم میں جمع کرنے والا ہے النساء (140).

اور ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ ایسا مضمون اختیار کریں جس میں موسیقی کا مضمون بالکل پڑھایا ہی نہ جاتا ہو.

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو اپنی اطاعت و فرمانبرداری کرنے کی توفیق عطا فرمائے.

واللہ اعلم .